# حکومت خیبر پختونخوا

## خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز (اُمورِ نوجوانان) غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور تصرف کا

## قانون 2019

خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر۔IX OF 2019

## محکمہ اُمور نوجوانان

# ضروری انتباہ

قارئین کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ خیبر پختونخوا ایوتھ افیئرز غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور تصرف کا قانون 2019 کا اردو میں ترجمہ شدہ مسودہ صرف عوام کی سہولت کو مد نظر رکھتے ہوئے شائع کیا گیا اور یہ کہ قانونی معاملات کیلئے صرف انگریزی مسودے کو حوالاجات کے لئے استعمال کیا جائے۔

رجسٹرڈ نمبر۔پی۔III

غیر معمولی

حکومت خیبر پختونخوا گزٹ

اتھارٹی کے ذریعے شائع کیا گیا

پشاور، منگل، 5مارچ، 2019

## صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ
## خیبر پختونخوا

### اطلاع

بمورخہ پشاور، 5مارچ، 2019

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/Bills-22/2019/8587خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز منیجمنٹ اور ڈسپوزل آف امموابیل پراپرٹیز بل، 2019 خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی نے 12 فروری 2019 کو منظور کیا تھا اور 28 فروری 2019 کو گورنر خیبر پختونخوا کی طرف سے اس کی منظوری دی گئی تھی جسے یہاں ایک ایکٹ (قانون) کے طور پر شائع کیا گیا ہے۔

## خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور تصرف کا قانون 2019
## (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر۔IX OF 2019)

(پہلی بار خیبر پختونخواہ کے گزٹ میں خیبر پختونخوا کے گورنر کی منظوری حاصل کرنے کے بعد شائع ہوا،
(غیر معمولی)، مورخہ 5مارچ، 2019)

ایک

ایکٹ (قانون)

جو کہ، خیبر پختونخوا کے محکمہ کھیل، ثقافت، سیاحت، امور نوجوانان، آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے ادارہ اُمورِ نوجوانان کی غیر منقولہ جائیدادوں کا انتظام اور تصرف فراہم کرتا ہے۔

جبکہ صوبہ خیبر پختونخوا میں محکمہ کھیل، ثقافت، سیاحت، امور نوجوانان، آثار قدیمہ اور عجائب گھروں کی غیر منقولہ جائیدادوں اور اس سے متعلقہ امور کا انتظام اور تصرف فراہم کرنا مناسب ہے؛

اسے مندرجہ ذیل طور پر نافذ کیا گیا ہے:

1۔ **مختصر عنوان، حد اور آغاز۔**---(1) اس قانون کو خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز Management and disposal of immovable properties Act 2019 (خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور تصرف کا قانون 2019 کہا جا سکتا ہے۔

(2) یہ پورے صوبہ خیبر پختونخوا پر نافذ العمل ہو گا۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2۔ **تعریفیں۔**---اس ایکٹ میں، جب تک کہ سیاق وسباق کا تقاضا نہ ہو۔

(a) "بینک" کا مطلب ایک مالیاتی ادارہ ہے، جس کی تحویل اور کنٹرول میں، اس ایکٹ کے تحت، فنڈ رکھا اور سرمایہ کاری کی جاتی ہے؛

(b) "چیئرپرسن" کا مطلب انتظامی کمیٹی کا چیئرپرسن ہے؛

(c) "محکمہ" کا مطلب ہے محکمہ کھیل، سیاحت، امور نوجوانان، آثار قدیمہ اور عجائب گھر؛

(d) "ڈائریکٹوریٹ" کا مطلب ہے اُمورِ نوجوانان کا ڈائریکٹوریٹ؛

(e) "فنڈ" کا مطلب ہے اس ایکٹ کے سیکشن-3 کے تحت قائم کردہ فنڈ؛

(f) "حکومت" کا مطلب ہے خیبر پختونخوا کی حکومت؛

(g) "غیر منقولہ جائیداد" کا مطلب ہے ایک پلاٹ، زمین، عمارت یا سائٹ، جس کی ملکیت اور اختیار محکمہ کے پاس ہے، بشمول زمین، پانی اور ہوا اوپر، نیچے یا سطح پر، اور ڈھانچے میں کوئی بہتری، جسے روایتی طور پر زمین سمجھا جاتا ہے، اور فوائد، ایسی زمین سے پیدا ہونے والی چیزیں اور زمین سے منسلک چیزیں یا مستقل طور پر زمین سے جڑی ہوئی ہیں؛

(h) "مینجمنٹ کمیٹی" کا مطلب مینجمنٹ کمیٹی (انتظامی کمیٹی) ہے، جو اس ایکٹ کے سیکشن-5 کے تحت تشکیل دی گئی ہے؛

(i) "مقرر شدہ" کا مطلب ہے قواعد کے ذریعہ تجویز کردہ؛ اور

(j) "قواعد" کا مطلب ہے اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد۔

3۔ **فنڈ کا قیام۔**--- (1) اس ایکٹ کے شروع ہونے کے فوراً بعد، حکومت خیبر پختونخوا اُمورِ نوجوانان کے غیر منقولہ جائیدادوں کے فنڈ کے نام سے ایک فنڈ قائم کرے گی۔

(2) فنڈ میں اس کی تمام آمدنی، جو کہ غیر منقولہ جائیدادوں سے حاصل کی گئی ہے، کرایہ، لیز کی رقم، سرمایہ کاری سے منافع یا اس سے پیدا ہونے والی کسی دوسری آمدنی کی شکل میں جمع کی جائے گی۔

**4۔** **فنڈ کی دیکھ بھال۔**---(1) فنڈ مینجمنٹ کمیٹی کے انتظامی کنٹرول میں ہو گا اور اسے ایسے بینک میں رکھا جائے گا اور اس طریقے سے سرمایہ کاری کی جائے گی جس طرح تجویز کیا گیا ہو۔

(2) فنڈ درج ذیل طرح سے استعمال میں لایا جائے گا-

(a) غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور دیکھ بھال کے لیے؛

(b) غیر منقولہ جائیدادوں کے سلسلے میں یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی کے لیے؛

(c) غیر منقولہ املاک کے معاملات کو چلانے کے مقصد سے ملازموں کو تنخواہوں کی ادائیگی؛

(d) غیر منقولہ جائیدادوں کی تعمیر، مرمت، تجدید اور دوبارہ تعمیر؛ اور

(e) کوئی دوسرا مقصد جیسا کہ تجویز کیا جاسکتا ہے۔

(3) اس قانون کے تحت فنڈ میں جمع ہونے والی آمدنی اور اس کا استعمال اس طریقے سے کیا جائے گا، جیسا کہ تجویز

کیا گیاہے۔

5۔ **انتظامی کمیٹی کا قیام۔**---(1) غیر منقولہ جائیدادوں کے انتظام اور تصرف کے لیے ایک کمیٹی ہو گی، جسے مینجمنٹ کمیٹی (انتظامی کمیٹی) کے نام سے جانا جائیگا۔

(2) انتظامی کمیٹی مشتمل ہو گی۔

(a) سیکرٹری برائے محکمہ کھیل، ثقافت، سیاحت، امور نوجوانان، آثار قدیمہ اور عجائب گھر؛ چیئرپرسن

(aa) ایڈیشنل سیکرٹری فنانس ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا؛ رُکن

(b) محکمہ کے انجینئرنگ ونگ کے دو نمائندے، جو BPS-17 سے کم نا ہوں کو چیئرپرسن نامزد کرے گا؛ اور رُکن

(c) ڈائریکٹر یوتھ افیئرز (اُمور نوجوانان)، خیبر پختونخوا، ممبر۔کم۔سیکرٹری

(3) انتظامی کمیٹی متعلقہ شعبے میں خصوصی تجربہ اور اہلیت رکھنے والے کسی بھی فرد کو بطور شریک رکن نامزد کر سکتی ہے اور ایسے ممبر کو ووٹ کا کوئی حق نہیں ہو گا۔

(4) برابری کی صورت میں چیئرپرسن کے ووٹ پر فیصلہ ہو گا۔

6۔ **انتظامی کمیٹی کا اجلاس۔**---(1) چیئرپرسن انتظامی کمیٹی کے اجلاس سہ ماہی بنیادوں پر طلب کر سکتے ہے، کسی بھی وقت اور جگہ پر جو انکے خیال میں ضروری ہو، اور کاروبار کے انجام دہی کے لئے مناسب ہو۔

(2) چیئرپرسن انتظامی کمیٹی کے اجلاسوں کی صدارت کرے گا۔

(3) انتظامی کمیٹی کا فیصلہ اس کے موجود اراکین کی اکثریت سے لیا جائے گا۔

(4) ایجنڈا اور اجلاس کی کاروائی کی تیاری کی ذمہ داری ڈائریکٹر یوتھ افیئرز، انتظامی کمیٹی کے رُکن و سیکرٹری ہونے کے ناطے ہو گی۔

(5) انتظامی کمیٹی اس قانون کے تحت اپنے کاروبار کے انعقاد کے لیے اپنا طریقہ کار وضع کرے گی۔

(6) اس قانون کے تحت اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے چیئرپرسن اور انتظامی کمیٹی کے کسی رکن کو کوئی معاوضہ دینا قابل قبول نہیں ہو گا۔

7۔ **انتظامی کمیٹی کا کام**---انتظامی کمیٹی درج ذیل کام کرے گی۔

(a) تمام غیر منقولہ جائیدادوں کا مکمل اور مستند ریکارڈ برقرار رکھنا؛

(b) کسی بھی غیر منقولہ جائیداد کو، حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات کے مطابق، مسابقتی عمل کے ذریعے رہن یا لیز کے ذریعے تصرف میں لایا جاسکتا ہے، جیسا کہ معاملہ ہو؛

(c) غیر منقولہ جائیدادوں کے کرایہ، رہن یا لیز سے پیدا ہونے والی رقم کا جانچنا یا دوبارہ جانچنا؛

(d) غیر منقولہ جائیدادوں کی تعمیر، مرمت، از سر نو تعمیر، تعمیر نو یا دیکھ بھال پر خرچ کرنا؛

(e) فنڈ سے حاصل ہونے والی رقم کو منافع بخش اسکیموں میں شفاف طریقے سے لگائیں جو محکمہ کی طرف سے پہلے منظور شدہ ہو؛

(f) غیر منقولہ جائیدادوں میں داخل ہوں اور انکا معائنہ کریں؛

(g) غیر منقولہ املاک کے مقصد کے لیے درکار عملے کو بھرتی اور مصروف عمل لائیں؛

(h) تمام یوتھ افیئرز ہاسٹلز، جو قائم کیے گئے ہیں یا قائم کیے جائیں گے، پر مالی اور انتظامی اختیار کا استعمال کریں؛

(i) جہاں تک غیر منقولہ جائیدادوں کے لیز یا رہن کا تعلق ہے مسابقتی عمل کے ذریعے کسی بھی شخص کے ساتھ معاہدہ کریں؛ اور

(j) اس ایکٹ کے مقاصد کو فروغ دینے کے لیے اسکیمیں تیار کریں۔

8۔ **آڈٹ اور اکاؤنٹس**۔---(1) بینک فنڈ کے کھاتوں کو اس شکل میں اور اس طریقے سے برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہو گا جو تجویز کیا گیا ہو۔

(2) فنڈ سے کوئی رقم نہیں نکالی جائے گی، جب تک کہ اس کی انتظامی کمیٹی سے منظوری نہ ہو۔ اور فنڈ سے رقم محکمے کے سیکریٹری بحیثیت چیئرپرسن اور ڈائریکٹر، یوتھ افیئرز بحیثیت ممبر-کم-سیکرٹری، کے مشترکہ دستخطوں سے نکالی جاسکے گی۔

(3) فنڈ کے کھاتوں کا سال میں ایک بار آڈیٹر جنرل آف پاکستان کے ذریعے آڈٹ کیا جائے گا، اس طریقے سے، جیسا کہ تجویز کیا گیا ہو۔

**9۔ ڈیلیگیشن آف پاور (اختیارات کی تفویض)۔**---انتظامی کمیٹی اس قانون کے مقاصد کے لیے اپنے اختیارات ڈائریکٹر، یوتھ افیئرز کو دے سکتی ہے۔

**10۔ قواعد بنانے کا اختیار۔**---(1) حکومت، سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، اس قانون کے مقصد کو پورا کرنے کے لیے اس قانون سازی کے بعد دو ماہ کے اندر قواعد بنا سکتی ہے۔

(2) مذکورہ ذیلی دفعہ کی عمومی نوعیت کو متاثر کئے بغیر، حکومت اس ایکٹ کے تحت، وقتاً فوقتاً حکومت کی طرف سے قائم کیے گئے یوتھ ہاسٹلز اور جوان مرکز کے معاملات کو چلانے کے لیے قواعد بنا سکتی ہے۔

**11۔ تنسیخ۔**--- خیبر پختونخوا یوتھ افیئرز مینجمنٹ اینڈ ڈسپوزل آف اموایبل پراپرٹیز آرڈیننس، 2018 (KHYBER PAKHTUNKHWA ORD. NO. V OF 2018) کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر کے حکم سے
صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

نصر اللہ خٹک
سیکرٹری
صوبائی اسملی، خیبر پختونخوا